# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

مورخہ 7دسمبر 2020

قومی ووٹرز ڈے کی مرکزی تقریب آج الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ اسلام آباد میں منعقد ہوئی جس کی صدارت چیف الیکشن کمشنر جناب سکندر سلطان راجہ نے کی ۔ تقریب میں الیکشن کمیشن کے افسران یو این ڈی پی اور انٹرنیشنل فاونڈیشن فارالیکٹورل سسٹمز کے نمائندوں نے شرکت کی ۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جنا ب سکندر سلطان راجہ نے کہا کہ 7دسمبر کے دن کو بطور ووٹرز ڈے منانے کا بنیادی مقصد عوام الناس کو ان کے جمہوری حقوق اور ذمہ داریوں سے متعلق آگاہی دینا ہے تاکہ لوگ جمہوری عمل کا حصہ بنیں اور الیکشن کے شفاف اور ُپرامن انعقاد کو یقینی بنایا جاسکے۔ انہوں نے مزید کہا الیکشن کمیشن آف پاکستان ایک خود مختار آئینی ادارہ ہے جس کے فرائض میں الیکشن کے منصفانہ اور غیر جانبدارانہ انعقاد کو یقینی بنانا شامل ہے ۔

انہوں نے کہا تمام اہل ووٹروں کا قانون کے مطابق درست انتخابی علاقوں میں اندراج کو یقینی بنایا گیا ہے اور تما م ایسے اہل افراد جن کےووٹوں کا اندراج نہیں تھا ان کا اندراج کیا گیا الیکشن کمیشن کےان اقدامات سے ووٹروں کی تعداد میں خاطرہ خواہ اضافہ ہوا جو کہ پہلے 112 ملین تھے اور اب 115 ملین ہو گئے ہیں۔ چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ الیکشن کمیشن کی ایک اہم ذمہ داری آئین پاکستان کے آرٹیکل 219 ، 140(A) اور الیکشن ایکٹ 2017 کی دفعہ 219 کے تحت مقامی حکومتوں کے انتخابات کا بروقت انعقاد ہے اس ضمن میں الیکشن کمیشن نے اپنی تیاریاں ہر لحاظ سے مکمل کی ہوئی ہیں۔Covid-19کے تناظر میں الیکشن کمیشن الیکشن کے انعقاد کے سلسلے میں NCOC سے مکمل رابطے میں ہے این سی او سی کی روشنی میں 31 جنوری 2021تک انتخابات کا انعقاد Covid-19 کی وجہ سے روک دیا گیا ہے ۔

انہوں نےمزید کہا کہ الیکشن کمیشن کےا سٹرٹیجک پلان 2019-2023کے تحت الیکشن آپریشن میں بہتری لائی جا رہی ہے ، تمام اہل افراد کے ووٹوں کا اندارج کیا جا رہا ہے ، پبلک اور ووٹرز ایجوکیشن کے حوالے سے اقدامات کئے جا رہے ہیں اور انتخابی عمل میں نئی ٹیکنالوجی کا استعمال بروئے کار لایا جا رہا ہے۔

چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ ووٹر لسٹوں میں صنفی فرق کی وجوہات جاننے کے لئے ہم نے جولائی 2020ء میں 21 اضلاع کی 21 تحصیلوں اور 229 شمارياتی بلاک کوڈز میں ایک پائلٹ پراجیکٹ شروع کیا ۔ مذکورہ بالا پائلٹ پراجیکٹ تکمیل کے مراحل میں ہے۔ چیف الیکشن کمشنر نے مزید کہا کہ الیکشن کمیشن نے آن لائن cms.ecp.gov.pkکمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم متعارف کروایا ہے ۔اس سسٹم کے تحت تمام شکایات جوعوام الناس کی طرف سے الیکشن کمیشن کے کسی بھی دفتر

-2-

/آفیسر سے متعلق ہوں اسکی باقاعدہ نگرانی کی جاتی ہے ۔ اور اس سسٹم کے تحت اس بات کو یقینی بنایا جا رہا ہے کہ عوام کو کسی قسم کی دشواری کی صورت میں انہیں فوری ریلیف دیا جائے ۔

انہوں نے مزید کہا کہ ذریعے کوئی بھی پاکستان کا شہری اپنا شناختی کارڈ نمبر 8300 پر ایس ایم ایس بھیج کر اپنے ووٹ کی مکمل تفصیل حاصل کر سکتا ہے ۔

بعدازاں چیف الیکشن کمشنر نے عوام کی سہولت کے لئے 051-8848888 کا افتتاح کیا ۔ اس سسٹم کے ذریعے الیکشن کمیشن کے متعلق ضروری معلومات اور مدد حاصل کی جا سکتی ہے ۔ اس سسٹم کا باضابطہ آغاز آج کے دن سے کیا جا رہا ہے ۔ تقریب سے سیکرٹری الیکشن کمیشن نے بھی خطاب کیا۔

مزید براں آ ج الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے پورے پاکستان میں نیشنل ووٹر ز ڈے کی تقریبا ت منعقد کی گئیں۔